
گیلپ & گیلانی پاکستان رائے عامہ سروے 22 ستمبر 2025

## ہر 10 میں سے 6 (60%) پاکستانی بارشوں کے دوران اسکولوں، دفاتر اور پبلک مقامات کو بند رکھنے کی حمایت کرتے ہیں۔ شہری علاقوں (56%) کی نسبت دیہی علاقوں کے رہائشیوں میں اس حوالے سے زیادہ حمایت دیکھنے میں آئی (62%)۔






کیا آپ کے خیال میں اسکولوں، دفاتر اور پبلک مقامات کو بارشوں کے دوران بند کرنا مؤثر اقدام ہے ؟

*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## متفرق/دیگر مسائل

قدرتی آفات/سیلاب

## ہر 10 میں سے 6 (60%) پاکستانی بارشوں کے دوران اسکولوں، دفاتر اور پبلک مقامات کو بند رکھنے کی حمایت کرتے ہیں۔ شہری علاقوں (56%) کی نسبت دیہی علاقوں کے رہائشیوں میں اس حوالے سے زیادہ حمایت دیکھنے میں آئی (62%)۔

**(گیلپ&گیلانی سروے)**


(اسلام آباد) 22، ستمبر 2025

گیلپ&گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، ہر 10 میں سے 6 (60%) پاکستانی بارشوں کے دوران اسکولوں، دفاتر اور پبلک مقامات کو بند رکھنے کی حمایت کرتے ہیں۔ شہری علاقوں (56%) کی نسبت دیہی علاقوں کے رہائشیوں میں اس حوالے سے زیادہ حمایت دیکھنے میں آئی (62%)۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"کیا آپ کے خیال میں اسکولوں، دفاتر اور پبلک مقامات کو بارشوں کے دوران بند کرنا موثر اقدام ہے؟"**۔اس سوال کے جواب میں، 60% جوابدہندگان بارشوں کے دوران اسکولوں، دفاتر اور پبلک مقامات کو بند رکھنے کی حمایت کرتے نظر آئے، کیونکہ یہ جان کی حفاظت کیلئے ضروری ہے۔ اس کے علاوہ 18% جوابدہندگان کے مطابق ان مقامات کو صرف شدید صورتحال میں بند کرنا چاہیے۔ جبکہ 17% جوابدہندگان نے اسے غیر ضروری اقدام قرار دیا، اور 5% پاکستانیوں کو اس حوالے سے معلوم نہیں تھا یا اُنہوں نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

سروے کے نتائج ظاہر کرتے ہیں کہ حفاظتی مقاصد کے تحت عوامی مقامات بند کرنے کے فیصلے کو بڑی تعداد میں لوگوں کی حمایت حاصل ہے، خصوصاً دیہی علاقوں میں۔ شہری آبادی میں پائی جانے والی غیر یقینی صورتحال اس بات کی نشاندہی کرتی ہے کہ پالیسی سازوں کو واضح مؤقف اپنانے اور ضرورت کے مطابق عوام سے براہِ راست رابطہ کرنے کی ضرورت ہے تاکہ شہری رہائشیوں کو شدید موسمی حالات میں بہتر طور پر آگاہ اور مطمئن رکھا جا سکے۔


**"کیا آپ کے خیال میں اسکولوں، دفاتر اور پبلک مقامات کو بارشوں کے دوران بند کرنا موثر اقدام ہے؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 323 خواتین اور مرد حضرات سے 20 اگست تا 21 اگست 2025 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمیناً شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3-2% ± لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**<u>دیہی–شہری علاقوں کے اعتبار سے نتائج</u>**: عوامی مقامات کو بند رکھنے کی حمایت دیہی علاقوں میں نمایاں طور پر زیادہ دیکھنے میں آئی، جہاں 62% افراد بارشوں کے دوران اسکولوں، دفاتر اور پبلک مقامات کو بند رکھنے کے حق میں ہیں، جبکہ شہری علاقوں میں یہ شرح 56% رہی۔ اس کے برعکس، شہری آبادی میں اس حوالے سے غیر یقینی صورتحال زیادہ دیکھنے میں آئی، جہاں 11% افراد کی اس حوالے سے کوئی واضح رائے نہیں تھی یا اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا، جبکہ دیہی علاقوں میں یہ شرح صرف 2% رہی۔ یہ رجحانات ظاہر کرتے ہیں کہ اگرچہ مجموعی طور پر عوامی مقامات کو بند رکھنے کی حمایت زیادہ ہے، تاہم شہری آبادی کو ان اقدامات کے بارے میں مزید سوالات یا تحفظات لاحق ہیں۔




Source: Gallup & Gilani Pakistan
(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)

**Opinion Poll from Gallup Pakistan**
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Monday, 22nd September 2025**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2025

celebrating 45 years of Gallup Pakistan (1980-2025)